حیسکو پریس ریلیز مورخہ :25.09.2026

حیسکو چیف اوراس کی پوری ٹیم کی کارکردگی کوسراہتے ہوئے کہا کہ میں آپ تمام کومبارکباد دیتا ہوں مجھے ایک بار پھر چیف ایگزیکٹوآفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں آپ کی محنت، لگن اور پُرجوش ٹیم پرفخر ہے۔آپ سب کی مسلسل محنت اورعزم قابلِ تحسین ہے،عوام وعدہ کریں بجلی کی چوری نہیں کریں گے، باقاعدگی سے بل جمع کرائیں گےتو بجلی 24 گھنٹے ملے گی، حیسکو چیف اور اس کی ٹیم نے کل ٹنڈو محمد خان میں 11 کے وی تالپور فیڈر کوزیرولوڈشیڈنگ کیااورآج یہاں ساماروکے 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کولوڈشیڈنگ فری کردیا ہے میں یہ کہتا ہوں کہ پنجاب حکومت کی طرح سندھ حکومت کے وسائل بھی بہتر ہوں تو ہم حیسکو چیف کوبھی ایک ہیلی کوپٹر دلوائیں تا کہ وہ روشنیوں کے سفر کومزید تیز کردیں۔ایم پی اے نواب تیمور تالپور کا تقریب سے خطاب

اللہ تعالیٰ کی مدد سے اورعوام کے بھرپور تعاون سے 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کوزیرولوڈشیڈنگ کرنے پر ساماروکی عوام کومبارکباد دیتا ہوں بالخصوص نواب تیمور تالپور ایم پی اے اس کے خاندان اور رانا وقار راجپوت کومبارکباد دیتا ہوں عمرکوٹ ڈویژن کا یہ 5واں فیڈر ہے،ایس ای میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی اور اسکی پوری ٹیم کومبارکباد دیتا ہوں، زیرولوڈشیڈنگ ہونے سے معاشی ترقی ہوگی اسکول، اسپتال اور زراعت کی ترقی ہوگی، حیسکو کا روشنیوں کا سفر عوام کے بھرپور تعاون سے کامیابی سے جاری ہے جس کا ثبوت آج یہ 72واں 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر ساماروکا زیرولوڈشیڈنگ ہوگیا ہے، MOU میثاق، اخلاقی معاہدہ حیسکو انتظامیہ اور بجلی صارفین کے درمیان ہوتا ہے جس کے تین بنیادی اصول ہیں (1) نہ ہم بجلی چوری کریں گے نہ کرنے دیں گے (2) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے (3) ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹربیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تا کہ AT&C کنٹرول میں رہے۔حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، اگر ان باتوں پر عمل نہیں ہوا تو لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوجائے گی۔چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری۔

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 72 ویں 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کولوڈشیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے اورعوام کے بھرپور تعاون سے 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کوزیرولوڈشیڈنگ کرنے پر ساماروکی عوام کومبارکباد دیتا ہوں بالخصوص نواب تیمور تالپور ایم پی اے اس کے خاندان اور رانا وقار راجپوت کومبارکباد دیتا ہوں عمرکوٹ ڈویژن کا یہ 5واں فیڈر ہے، ایس ای میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی اور اسکی پوری ٹیم کومبارکباد دیتا ہوں، زیرولوڈشیڈنگ ہونے سے معاشی ترقی ہوگی اسکول، اسپتال اور زراعت کی ترقی ہوگی، حیسکو کا روشنیوں کا سفر عوام کے بھرپور تعاون سے کامیابی سے جاری ہے جس کا ثبوت آج یہ 72واں 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر ساماروکا زیرولوڈشیڈنگ ہوگیا ہے، MOU میثاق، اخلاقی معاہدہ حیسکو انتظامیہ اور بجلی صارفین کے درمیان ہوتا ہے جس کے تین بنیادی اصول ہیں (1) نہ ہم بجلی چوری کریں گے نہ کرنے دیں گے (2) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے (3) ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹربیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تا کہ AT&C کنٹرول میں رہے۔حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، اگر ان باتوں پر عمل نہیں ہوا تو لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوجائے گی، تا کہ حیسکو آپکو 24 گھنٹے بجلی دیتا رہے، کسی بھی فنی خرابی آنے کی صورت میں اس کو جلد حل کرنے کے لیے ٹیم مقرر ہے، بصورت دیگر لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوگی، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تا کہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہورہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن ساماروو دولھ ریا خان کومبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر ایم پی اے نواب تیمور تالپور کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو چیف اور اس کی پوری ٹیم کی کارکردگی کوسراہتے ہوئے کہا کہ میں آپ تمام کومبارکباد دیتا ہوں مجھے ایک بار پھر چیف ایگزیکٹوآفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں آپ کی محنت، لگن اور پُرجوش ٹیم پرفخر ہے۔آپ سب کی مسلسل محنت اورعزم قابلِ تحسین ہے،عوام وعدہ کریں بجلی کی چوری نہیں کریں گے، باقاعدگی سے بل جمع کرائیں گےتو بجلی 24 گھنٹے ملے گی، حیسکو چیف اور اس کی ٹیم نے کل ٹنڈو محمد خان میں 11 کے وی تالپور فیڈر کوزیرولوڈشیڈنگ کیااورآج یہاں ساماروکے 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کولوڈشیڈنگ فری کردیا ہے میں یہ کہتا ہوں کہ پنجاب حکومت کی طرح سندھ حکومت کے وسائل بھی بہتر ہوں تو ہم حیسکو چیف کوبھی ایک ہیلی کوپٹر دلوائیں تا کہ وہ روشنیوں کے سفر کومزید تیز کردیں، اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی قیادت میں معزز صارفین کوزیرولوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت دی جارہی ہے انسانی ذات کی خدمت کے جذبے کے تحت بجلی کی فراہمی اپنے معزز صارفین کودے رہے ہیں، اپنے صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور تقریب میں آنے والے تمام مہمانوں کوخوش آمدید کہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی نے چیمہ فارم فیڈر کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ چیمہ فارم فیڈر پر مجموعی طور پر 74 ٹرانسفارمرز اور 1515 گھریلو، 177 کمرشل 15 صنعتی، 02 زرعی اور 18 دیگر کنیکشنز ہیں، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہورہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کوخوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گےتو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کوشاباشی دی، عوام کومبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اس تقریب میں چیمہ فارم فیڈر کی جانب سے مہمانانِ خصوصی نواب تیمور تالپور ایم این اے، نواب شہمیر تالپور، شکیل باجوہ، میر علی گوہر، عمران خان، امجد درس، قاضی راجا، رانا وقار علی، عمر چیمہ شریک جبکہ حیسکو کی جانب سے حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاھانی، ڈپٹی منیجر کمرشل آصف علی میمن، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا بھٹی، ایکسین آپریشن ڈویژن میرپور خاص فرید الدین میمن، ایکسین توفیق سیال، ایس ڈی او ساماروو دولھ دریا خان، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اد چانڈیو و دیگر حیسکو افسران، سیاسی سماجی شخصیات، تاجران، علاقہ معززین کی بھی بڑی تعداد شریک کی۔حیسکو ترجمان





حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، ایم پی اے نواب تیمور تالپور، ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان علی ڈاہانی و دیگر ساماروميں 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی چیمہ فارم فیڈر کوزیرولوڈشیڈنگ کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے